وہی اکلوتا ایک ہے

آپ خُدا سے دُور بھاگنے کے لئے کہاں جا سکتے ہیں؟ خُدا ہر جگہ موجود ہے۔ خُدا ہر وقت موجود ہے۔ کوئی بھی جگہ ایسی نہیں جہاں خُدا موجود نہ ہو۔ کوئی بھی لمحہ ایسا نہیں جب خُدا کا وجود نہ رہا ہو۔ اور ایسا کبھی نہ ہوگا۔ خُدا اپنے نبی یسعیاہ کے ذریعے یُوں فرماتا ہے۔ ''خداوند فرماتا ہے تم میرے گواہ ہو اور میرا خادم بھی جسے مَیں نے برگزیدہ کیا تا کہ تم جانو اور مجھ پر ایمان لاؤ اور سمجھو کہ مَیں وہی ہوں مجھ سے پہلے کوئی خدا نہ ہوا اور میرے بعد بھی کوئی نہ ہوگا مَیں ہی یہوواہ ہوں اور میرے سوا کوئی بچانے والا نہیں''۔ یسعیاہ 43:10,11

بائبل کے موافق، خُدا کسی اور معبود کی کوئی گُنجائش نہیں دیتا، چاہے اُس سے پیشتر یا چاہے اُس کے بعد۔ کوئی بھی شخص یا قُوت جو خُدا ہونے کا دعویٰ کرتی ہے، وہ مکار، جھوٹی اور دھوکہ دینے والی رُوح ہے۔ وہی اکلوتا ایک ہے۔ اُس کو بیان کرنے کے لئے بہت سے القاب ہیں لیکن اُس کا محض ایک ہی نام ہے۔ انسان کیسے خُدا کو جان سکتے ہیں؟

خُدا رُوح ہے۔ رُوح گوشت پوست یا ہڈیوں پر مُشتمل نہیں ہوتی۔ ایسا خُدا کس طرح اپنے دل اور جان کو انسانوں کے آگے رکھ سکتا ہے؟ اپنی خُدا کی تلاش میں، انسانوں نے قُدرت کی تقریباً ہر قسم کی پرستش کی ہے: درخت، جانور، سورج اور ستارے اور حتیٰ کہ دُوسرے انسانوں کی بھی۔ چونکہ کُچھ قُدرتی عجائبات خوف، گرج، روشنی، آتش فشاں اور زلزلے پیدا کرتی ہیں، تو بہت سے لوگ تصور کرتے ہیں کہ خُدا غضبناک شخص ہے جس کا غُصہ متواتر فرو ہوتا ہے۔ انسانوں نے بہت سے قُربانیاں بھی گُزرانی ہیں، حتیٰ کہ خُدا کو خوش کرنے کے لئے جسے وہ نہیں جانتے اپنے بچوں تک کی قُربانیاں بھی گُزرانی ہیں۔

خُدا مسیح میں

چونکہ خُدا نے اِس لاغر اور پریشان حال دُنیا سے ایسی مُحبت رکھی، اُس نے ارادہ کیا کہ اِنسان اُسے اِس طور جانیں کہ وہ اُسے دیکھ سکیں، سُن سکیں اور چھو سکیں۔ اُس نے ایک فروتن کنواری، مریم کو چُنا، جو اُس کے اکلوتے بیٹے کی ماں بنے: ''فرشتہ نے اس سے کہا اَے مریم! خوف نہ کر کیونکہ خدا کی طرف سے تجھ پر فضل ہوا ہے اور دیکھ تو حاملہ ہوگی اور تیرے بیٹا ہوگا اسکا نام یسوع رکھنا وہ بزرگ ہوگا اور خدا تعالیٰ کا بیٹا کہلائیگا..... روح القدس تجھ پر نازل ہوگا اور خدا تعالےٰ کی قدرت تجھ پر سایہ ڈالے گی اور اس سبب سے وہ مولودِ مقدس خدا کا بیٹا کہلائے گا۔'' لوقا 1:30,31,35۔

یہ ایک خُوبصُورت کہانی ہے کہ کیسے خُدا نے انسانی رُوپ لیا اور زمین پر، نومولود، بچہ اور بالغ کے طور رہا۔ اُس نے انسانی تجربہ ظاہر کیا اور انسانوں کو اپنے خُدا کا جلال اور قُدرت اور محبت دکھائی۔

کیا آپ نے کبھی عدسی آئینے میں سورج کی شعاؤں کو قابو کیا ہے؟ ممکن ہے آپ نے اِسے کسی چھوٹے سے کاغذ کے ٹکڑے، لکڑی یا اپنے ہاتھ کی پُشت پر مرکوز کیا ہوگا۔ آپ اپنے چھوٹے عدسے پر آسمان کی ساری روشنی کو قابو نہیں کر سکتے، مگر جو آپ قابو کرتے ہیں جب یہ مرکوز ہوتا ہے سورج کی تپش اور شدید روشنی کو عیاں کرتا ہے۔ آپ اپنے ہاتھ میں، چھوٹا مگر سورج کی قُدرت کا درست اظہار رکھتے ہیں۔

اسی طرح یسوع مسیح بھی ہے یسوع مسیح کا قُدرتی بدن عدسہ بنا جو خُود خُدا کی قُدرت، نور اور مُحبت کا مرکز بنتے ہوئے واضح عمل میں لایا۔ خُدا کی بڑائی جسمانی بدن میں تثیف اور مُکمل شامل نہیں ہوسکتی تاہم خُدا کر سکتا ہے اور وہ یسوع مسیح میں اپنی قُدرت کا مکمل اظہار پاتا ہے۔ یسوع مسیح ایک اور خُدا یا کوئی اور شخص نہیں ہے جو خُدا کا حصّہ ہے۔ مسیح خُود خُدا ہے جو انسانوں پر ظاہر ہوا۔ مزید مُطالعہ کے لئے نئے عہد نامے کے درج ذیل حوالے پڑھیں: کلسیوں 1:12-17,2:8-10 اور یوحنا 1:1-3,14

صرف ایک ہی واحد خُدا ہے اور اُس کا ایک ہی نام ہے۔ ''اور خداوند ساری دنیا کا بادشاہ ہوگا اس روز ایک ہی خداوند ہوگا اور اسکا نام واحد ہوگا'' زکریاہ 14:9 ''تو تم سب اور اسرائیل کی ساری امت کو معلوم ہو کہ یسوع مسیح ناصری جس کو تم نے مصلوب کیا اور خدا نے مردوں میں جلایا اسی کے نام سے یہ شخص تمہارے سامنے تندرست کھڑا ہے یہ وہی پتھر ہے جسے تم معماروں نے حقیر جانا اور وہ کونے کے سرے کا پتھر ہوگیا اور کسی دوسرے کے وسیلہ سے نجات نہیں کیونکہ آسمان کے تلے آدمیوں کو کوئی دوسرا نام نہیں بخشا گیا جس کے وسیلہ سے ہم نجات پا سکیں'' اعمال 4:10,12۔

یسعیاہ پُرانے عہدنامے کا نبی اُس کے بارے میں یُوں فرماتا ہے ''اس لئے ہمارے لئے ایک لڑکا تولد ہوا اور ہم کو ایک بیٹا بخشا گیا اور سلطنت اس کے کندھے پر ہوگی اور اسکا نام عجیب مشیر خدائے قادرِ ابدیت کا باپ سلامتی کا شہزادہ ہوگا'' یسعیاہ 9:6

ہم اِس وعدے کے یسوع مسیح کو لڑکا اور بیٹا کہا گیا دیکھتے ہیں اور پھر بھی وہ خُدائے قادر اور ابدیت کا باپ ہے۔

خُدا، آپ میں

خُدا کی روح جو مسیح میں تھی اُس کا وعدہ آپ سے بھی کیا گیا ہے ''پطرس نے ان سے کہا کہ توبہ کرو اور تم میں سے ہر ایک اپنے گناہوں کی

معافی کے لئے یسوع مسیح کے نام پر بپتسمہ لے تو تم روح القدس انعام میں پاؤ گے اسلئے کہ یہ وعدہ تم اور تمہاری اولاد اور ان سب دور کے لوگوں سے بھی ہے جنکو خداوند ہمارا خدا اپنے پاس بلائے گا'' اعمال 2:38,39۔

یہ ایک حیرت انگیز بھید ہے جو صدیوں سے اور پشتوں سے پوشیدہ تھا لیکن اب آپ پر ظاہر کیا گیا ہے۔ ''مسیح جو جلال کی اُمید ہے تُم میں رہتا ہے''۔ دیکھئے کُلسیوں 1:26,27

آپ کو دعوت دی جاتی ہے کہ آج ہی یسوع کو جانیں:

Translated by M.Y.
http://seapmultan.tripod.com

Apostolische Pfingstgemeinde Mannheim
Friedelsheimerstr. 18-20
D - 68199 Mannheim (Neckarau) /Germany
Pastor Raymond Wey
Assistent Pastor Sascha Wey
www.jesus-is-god.de, www.v-p-m.de